عینک فریبی

زبان میری ہے بات اُن کی

- ❑ مشرف کی صدارت غیر آئینی ہے۔ (قاضی حسین احمد)
- ● مگر اسے طول دینے میں کس کا ہاتھ ہے؟
- ❑ آٹے کا تھیلا مزید پانچ روپے مہنگا!

آٹا مہنگا ہویا تے کی ہویا لوکو! شور مچاؤن دا حق کوئی نہیں
تے میرے ملک وچ کسے غریب نوں وی چینی چا وچ پاؤن دا حق کوئی نہیں

- ❑ زرداری نے بلاول کی سیاسی تربیت شروع کر دی۔ (ایک خبر)
- ● لوٹ مار، قید، ڈیل، رہائی۔ بیٹا! بات سمجھ میں آئی۔
- ❑ عوامی مقامات پر پنکھے لگانے کا آغاز ملتان سے ہوگا۔ (گورنر خالد مقبول)
- ● چلو غریبو! ملتان چلو!
- ❑ پسند کی شادی نہ ہونے پر، نوجوان نے خودکشی کر لی۔ (ایک خبر)

جو اس کا اہل ہے اسے ملتی ہے اہلیہ ہر ایک کے نصیب میں منے کی ماں کہاں

- ❑ ترقی کے فوائد عام آدمی تک پہنچنا شروع ہو گئے۔ (وزیر اعظم شوکت عزیز)
- ● غریبوں کے گھروں میں ہن برسنے لگا۔
- ❑ پاکستانی خواتین کو برقع کے بغیر دیکھ کر حیرت ہوئی۔ (ایڈوانی فیملی)
- ● روشن خیالی کا دور ہے اور ہندو مسلم اتحاد کی ضرورت ہے۔ حیرت کس بات پر؟
- ❑ امریکی فوجیوں نے پانچ بار توہین قرآن کی۔ (پینٹا گون)

شورش ''پینٹا گون'' پر اژدر برسنے چاہئیں آگ میں تپتے ہوئے پتھر برسنے چاہئیں

- ❑ ملٹری اکیڈمی میں لڑنے کے نہیں، حکومت کرنے کے طریقے سکھائے جاتے ہیں۔ (عابدہ حسین)
- ● یہ طریقے بھی فوج کو سیاستدانوں نے سکھائے۔
- ❑ عاصمہ جہانگیر کے ساتھ دوڑنے کو میرا بھی جی چاہتا ہے مگر روشن خیال اقلیت کے راستے میں انتہا پسند اکثریت رکاوٹ ہے۔ (جنرل پرویز)
- ● آپ مختار مائی کے ساتھ دوڑ لگا لیں، راستے میں کوئی رکاوٹ نہیں۔